**2025-03-23**

**Hrs 08.30**

**HL-Opening**

**آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ**

**(Music)**

**آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم**

**پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں**

---

**-1 سپریم کورٹ نے، نقد روپے برآمد کرنے کے معاملے میں دلّی ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کی طرف سے 25 صفحات پر مشتمل انکوائری رپورٹ عام کر دی ہے۔ بھارت کے چیف جسٹس نے، جسٹس یشوَنت ورما کے خلاف الزامات کی جانچ کے لیے ایک 3 رکنی کمیٹی تشکیل دی ہے۔**

**-2 مرکز نے، ایک اپریل سے پیاز کی برآمدات پر 20 فیصد محصول کو واپس لے لیا ہے۔**

**-3 بھارت نے، Botswana میں سیلاب کے پیشِ نظر اُسے انسانی بنیاد پر امداد بھیجی ہے۔**

**-4 حماس کے سیاسی رہنما Salah al-Bardaweel، جنوبی غزہ میں اسرائیل کے ہوائی حملے میں ہلاک ہو گئے۔**

**-5 بھارت کی جمناسٹ پرانتی نائک نے ترکیہ کے Antalya میں FIG Artistic Gymnastics Appartus World Cup میں Vault فائنل میں کانسے کا تمغہ حاصل کیا ہے**

**-6 اور IPLکرکٹ کے پہلے میچ میں، کل رات رائل چیلنجرس بنگلورو نے موجودہ چیمپئن کولکاتہ نائٹ رائڈرس کو 7 وکٹ سے ہرا دیا۔**

**(Music)**

**اب خبریں تفصیل سے۔**

**SC in House Inquiry Reportِ**

**سپریم کورٹ نے دلی ہائی کورٹ کے جج یشونت ورما کی رہائش گاہ سے مبینہ طور پر خطیر رقم برآمد ہونے کے معاملے کی ایک داخلی انکوائری رپورٹ کل رات اپنی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کردی ہے۔**

**دلی ہائی کورٹ کے چیف جسٹس ڈی کے اپادھیائے کی پیش کردہ رپورٹ میں بھارتی کرنسی کے چار سے پانچ جزوی طور پر جلی ہوئی گڈیوں کے بارے میں باضابطہ معلومات فراہم کی گئی ہیں۔**

**V/C Deepmale Kaushik**

**25 صفحات پر مشتمل رپورٹ میں 14 مارچ کو ہولی کی رات جسٹس ورما کی رہائش گاہ پر آگ بجھانے کی کارروائی کے ویڈیو اور تصویریں بھی شامل ہیں۔ جس کے دوران نقدی برآمد کی گئی**

تھی۔ جیسا کہ رپورٹ میں سفارش کی گئی تھی بھارت کے چیف جسٹس، جسٹس سنجیو کھنہ نے جسٹس ورما کے خلاف الزامات کی جانچ کے لیے ایک سہ رکنی داخلی انکوائری کمیٹی تشکیل دی ہے۔ CJI کھنہ نے دلی ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کو بھی ہدایت دی ہے کہ وہ جسٹس ورما کو کوئی عدالتی کام نہ سونپیں۔

اس کے جواب میں جسٹس ورما نے کہا کہ انھوں نے اور نہ ہی ان کے گھر کے کسی فرد نے کبھی اسٹور روم میں کوئی نقدی رکھی ہے۔ انھوں نے کہا کہ انکی رہائش گاہ سے نقدی کی برآمدگی کے الزامات واضح طور پر انھیں پھنسانے اور بدنام کرنے کی ایک سازش نظر آتی ہے۔

دیپ مالا کی ایک رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں...............

## Onion Export

مرکز نے پیاز کی برآمد پر عائد 20 فیصد محصول واپس لے لیا ہے۔ اس کا اطلاق یکم اپریل سے ہوگا۔ صارفین کے امور، خوارک اور عوامی نظامِ تقسیم کی وزارت کے مطابق اس سے کسانوں کو منافع بخش قیمت ملنا یقینی ہوگا۔ ساتھ ہی صارفین کو بھی پیاز مناسب قیمتوں پر دستیاب ہوگی۔ وزارت نے مزید کہا کہ کہ توقع کے مطابق ربیع کی اچھی فصل ہونے کے تناظر میں پیاز کی منڈی اور خردہ دونوں قیمتوں میں کمی کی گئی ہے۔ اندازے کے مطابق ربیع سیزن کے دوران پیاز، سمیت فصل کی اچھی پیداوار سے امید ہے کہ آئندہ مہینوں میں منڈی قیمتوں میں مزید کمی واقع ہو سکتی ہے۔

20 فیصدی برآمداتی محصول پچھلے برس ستمبر میں لاگو کیا گیا تھا تاکہ پیاز کی گھریلو دستیابی کو یقینی بنایا جا سکے۔x

## NTA CUET

امتحانات سے متعلق قومی ایجنسی NTA نے Common University امتحان (CUET) UG 2025 آن لائن درخواست فارم داخل کرنے کی مدّت میں کل تک توسیع کر دی ہے۔ ایک پریس ریلیز میں NTA نے اعلان کیا ہے کہ امتحان کی فیس داخل کرنے کے لیے 25 مارچ طے کی گئی ہے، جبکہ Correction Window، 26 سے 28 مارچ 2025 تک کھلی رہے گی، تاکہ خصوصی فیلڈس کے لیے ترامیم کی جا سکیں۔ ملک بھر کے مختلف سینٹروں میں کمپیوٹر پر مبنی ٹیسٹ موڈ میں 8 مئی سے ایک جون 2025 تک CUET-UG 2025 امتحانات کرائے جاتے ہیں۔ CUET-UG اُن طلبا کو ایک واحد Window کا موقع فراہم کرتا ہے، جس سے وہ بارہویں کلاس کے بعد بھارت میں کسی بھی مرکزی یونیورسٹی یا شرکت کرنے والی ریاست، ڈیم یا پرائیویٹ یونیورسٹیوں میں داخلہ حاصل کر سکیں۔x

## Delimitation Kishan Reddy

کوئلہ و کانکنی کے مرکزی وزیر اور تلنگانہ ریاست کے BJP کے صدر جی کشن ریڈّی نے حلقہ بندی پر چنئی میں اپوزیشن پارٹیوں کی میٹنگ کو بے بنیاد سیاسی شعبدے بازی قرار دے کر اسے

مسترد کر دیا ہے اور کہا ہے کہ اس کا مقصد عوام میں غیر ضروری خوف پیدا کرنا ہے۔ جناب ریڈّی نے کہا کہ مرکز نے پہلے ہی واضح کر دیا ہے کہ حلقہ بندی کے لیے طریقۂ کار اور ضوابط کو ابھی تک حتمی شکل نہیں دی گئی ہے۔ وزیر موصوف نے اپوزیشن پارٹیوں پر مزید الزام لگاتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی بدعنوانی سے توجہ ہٹانے کے لیے BJP کے بارے میں گمراہی پھیلا رہے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی الزام لگایا کہ یہ پارٹیاں سیاسی مقصد کے لیے شمال اور جنوب میں تقسیم پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ منصفانہ حلقہ بندی سے متعلق پہلی جوائنٹ ایکشن کمیٹی کی میٹنگ کل چنئی میں ہوئی تھی۔×

## Punjab Martyrs Day

قوم آج بھارت کی، آزادی کی جدوجہد کے اپنے تین انقلابی ہیرو، شہید اعظم بھگت سنگھ، شیوارم راج گرو اور سُکھ دیو تھاپڑ کو خراجِ عقیدت پیش کر رہی ہے، جنہیں 1931 میں آج ہی کے دن لاہور کے سینٹرل جیل میں پھانسی دے دی گئی تھی۔

اِن بہادر مجاہدین آزادی پر لاہور میں 17 دسمبر 1928 کو برطانیہ کے پولیس آفیسر J. P. Saunders کو قتل کرنے کی کوشش کے لیے مقدمہ چلایا گیا تھا اور پھر اس کے بعد اُنہیں پھانسی کی سزا سنا دی گئی تھی۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C - Rajesh Bali**

مقررہ تاریخ سے ایک دن پہلے شہید اعظم بھگت سنگھ، راج گرو اور سُکھ دیو کو پھانسی پر لٹکانے کے بعد برطانوی حکام خفیہ طریقے سے اُن کی غیر رسمی طور پر آخری رسومات ادا کرنے کے لیے فیروز پور کے حسینی والا میں ستلج دریا کے کنارے اُن کے جسدِ خاکی کو لے کر آئے۔

حسینی والا میں نیشنل مارٹیئرس میموریل تینوں شہیدوں کے انقلابی جذبے کی جھلک پیش کرتا ہے، جنہوں نے مادرِ وطن بھارت کے لیے پھانسی پر چڑھ کر آزادی کی شمع روشن کی۔ لوگ اُن تینوں خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے اُس مقام پر پہنچ رہے ہیں۔ فیروز پور ریلوے ڈویژن نے آج خصوصی شہیدی میلہ ٹرینیں شروع کی ہیں تاکہ لوگوں کو حسینی والا کے فیروز پور کینٹ لایا اور لے جایا جا سکے۔

بھگت سنگھ جی نے ایک بار کہا تھا کہ ”دل سے نکلے گی نہ مر کر بھی وطن کی الفت، میری مٹی سے بھی خوشبوئے وفا آئے گی“۔

راجیش بالی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ..................

## DGGI On Line Money Gaming

GST انٹلیجنس کے ڈائریکٹوریٹ جنرل نے ٹیکس چوری کی روک تھام کیلئے اپنی کارروائی تیز کرنے کے تحت 357 غیرقانونی یا ضابطوں پر عمل نہ کرنے والی غیرملکی آن لائن Money Gaming ویب سائٹس کو Block کردیا ہے۔

آن لائن Money Gaming انڈسٹری گھریلو اور غیر ملکی آپریٹرس دونوں پر مشتمل ہے۔

Gaming، سٹے بازی اور Gambling میں ملوث تقریباً 700 غیرملکی کمپنیوں کے خلاف چھان بین کی جارہی ہے۔

وزارت خزانہ کے مطابق یہ پلیٹ فارمس، رجسٹریشن نہ کراکر، ٹیکس والی آمدنی کو چھپاکر اور ٹیکس ادا کرنے سے بچنے کا راستہ اختیار کرتے ہوئے GST ادا نہیں کر رہے ہیں۔

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

## MEA Assistance

بھارت نے Botswana میں سیلاب کے پیشِ نظر اُس ملک کو انسانی بنیاد پر امداد روانہ کی ہے۔ وزارتِ خارجہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ Botswana کو لازمی دوائیں، سرجیکل سامان، مچھر دانیاں اور پانی کو صاف بنانے والے آلات پر مشتمل تقریباً 10 ٹن کی امداد کی پہلی قسط بھیجی گئی ہے۔

اس دوران Kiribati کو بھی انسانی بنیاد پر امداد بھیجی گئی ہے، تاکہ اُس ملک کے حفظانِ صحت کے نظام کو مستحکم بنانے میں مدد مل سکے۔ کل Kiribati کے Tarawa کے لیے Mundra بندرگاہ سے 6 بستر والے کنٹینر پر مبنی ڈائلائسز یونٹ کی کھیپ روانہ کی گئی۔×

## Hamas Leader Killed

حماس کے سیاسی رہنماء Salah al-Bardaweel، غزہ میں خان یونس کے مقام پر ایک اسرائیلی ہوائی حملے میں ہلاک ہو گئے۔ حماس اور فلسطینی میڈیا سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق جنوبی غزہ پٹی میں Bardaweel کو نشانہ بنایا گیا، جہاں وہ اہلیہ کے ساتھ ہلاک ہو گئے۔ کل کے بعد سے مختلف مقامات پر اسرائیلی ہوائی حملوں میں 32 فلسطینی بھی ہلاک ہوئے ہیں۔ اسرائیل نے 19 جنوری کے بعد سے جنگ بندی سمجھوتے پر عمل نہ کرنے کا حماس پر الزام لگاتے ہوئے غزہ میں بڑے پیمانے پر ہوائی حملے پھر شروع کر دیے ہیں۔ اس کے بعد سے اسرائیلی ہوائی حملوں میں حماس کے بہت سے اعلیٰ حکام بھی ہلاک ہو گئے، جن میں حماس کی حقیقی حکومت کے سربراہ Essam Addalees اور اندرونی سلامتی کے سربراہ Mahmood Abu Watfa بھی شامل ہیں۔

اسرائیل کے وزیر اعظم بنجامن نتن یاہو نے بار بار اس بات پر زور دیا ہے کہ اس جنگ کا اصل مقصد حماس کو ایک فوجی قوت اور گورننگ باڈی کے طور پر ختم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس تازہ حملے کا مقصد دراصل یہ ہے کہ حماس پر دباؤ بڑھایا جائے تاکہ وہ باقی یرغمالیوں کو رِہا کر سکے۔×

## US Mass Shouting

امریکہ میں نیو میکسیکو کے Las Cruces میں ایک پارک میں ایک کار شو کے دوران کل رات دو حریف گروپوں کے درمیان گولی باری کا ایک بڑا واقعہ پیش آیا، جس میں 3 افراد ہلاک اور 15 زخمی ہو گئے۔ زخمیوں میں 19 اور 16 سال کے دو لڑکے بھی شامل ہیں۔ لڑکا اور ایک 16 سال کا بھی شامل ہے۔ گولی باری سِٹی پارک میں ہوئی۔ Las Cruces کے پولیس سربراہ نے بتایا کہ کار شو سے قبل دونوں گروپوں کے درمیان اَن بن ہو گئی تھی۔×

## US Travel Advisories

امریکہ میں جرمن کے شہریوں سمیت متعدد یوروپی شہریوں کو آمد کے بعد حراست میں لیے جانے کے بعد یوروپ کے کئی ممالک نے امریکہ کے لیے سفر سے متعلق اپنی ایڈوائزری کو اپ ڈیٹ کیاہے۔

جرمن کے خارجہ دفتر کے مطابق جرمنی امریکہ کا سفر کرنے والے اپنے شہریوں کے ساتھ حالیہ واقعات کو لیکر انتہائی سنجیدہ ہے۔ اطلاعات کے مطابق جرمنی کے تین شہریوں کو امریکہ داخلہ پوائنٹ پر گرفتار کئے جانے کی اطلاعات کے بعد ایڈائزری کواپ ڈیٹ کیا گیا ہے۔ ان میں ایک شہری کے پاس گرین کارڈ بھی تھا۔ان میں سے دو جرمنی واپس چلے گئے ہیں۔

ان واقعات کے تناظر میں انگلینڈ نے بھی سفر سے تعلق اپنی ایڈوائزری پر نظرِ ثانی کی ہے۔x

## IPL

انڈین پریمیر لیگ آئی پی ایل T-20 کرکٹ کے افتتاحی میچ میں کل رات کولکاتہ کے ایڈن گارڈن میں رائل چیلنجرس بنگلورو نے کولکاتہ نائٹ رائڈرس کو سات وکٹ سے ہرا دیا۔

آئی پی ایل کا 18 واں سیزن کل شام ایک عظیم الشان افتتاحی تقریب کے ساتھ شروع ہوا۔ آپی پی ایل کے پہلے میچ رائل چیلنجرس بنگلورو کے کپتان رجت Patidar نے ٹاس جیت کر کولکتہ نائٹ رائیڈرس سے پہلے بلے بازی کرنے کو کہا جس پر اُس نے مقررہ 20 اوورس میں 8 وکٹ پر 174 رن بنائے۔ جواب میں رائل چیلنجرس بنگلورو نے 17 ویں اوور میں جیت کا اپنا نشانہ حاصل کرلیا۔

اس موقع پر افتتاحی کھیل کے دوران وراٹ کوہلی اور فلپ سالٹ کے درمیان 95 رن کی شاندار شرکت داری ہوئی۔ کوہلی 59 رن بناکر ناٹ آؤٹ رہے۔

اور اس طرح انھوں نے کل 400 واں ٹی۔ٹوئینٹی میچ کھیلا اور 3 وکٹ حاصل کرنے پر رایل چیلنجرس کے Krunal پانڈیا کو ان کی شاندار گیند بازی کے لیے میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

آج سہ پہر ساڑھے تین بجے حیدرآباد راجیو گاندھی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں سن رایزرس حیدرآباد کا مقابلہ راجستھان رایلز سے ہوگا۔

دن کے ایک اور میچ میں دیرینہ حریف چنئی سُپر کنگس کا سامنا ممبئی انڈینس سے ہوگا۔ یہ میچ چنئی کے ایم۔اے۔چدمبرم اسٹیڈیم میں شام ساڑھے 7 بجے سے کھیلا جائے گا۔×

## Gymnastic Bronze

جمناسٹکس میں ترکیہ کے Antalya میں Federation Internationale de Gymnastique FIG ورلڈ کپ میں خواتین کے Vault فائنل میں بھارت کی Pranti Nayak نے کانسے کا تمغہ جیتا۔ ایشین چیمپئن شپ میں دو مرتبہ تمغہ حاصل کرنے والی پرانتی نے کل شام اپنے پہلے عالمی کپ میں فائنل مقابلہ جیتنے کے لیے 13 اعشاریہ چار-ایک سات کی اوسط سے اسکور کیا۔ امریکہ کی Jayla Hang نے 13 اعشاریہ چھ-چھ سات کے اسکور کے ساتھ سونے کا تمغہ حاصل کیا، جبکہ اُن کی ہموطن Clare Pease نے 13 اعشاریہ پانچ-چھ اسکور کے ساتھ چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔×

## Khelo India Para Games

کھیلو انڈیا پیرا گیمس 2025 کے تیسرے دن کل، نئی دلّی میں سخت مقابلے اور تحریک دینے والی کارکردگی دیکھنے کو ملی۔ چوٹی کے پیرا بیڈمنٹن کھلاڑیوں نے غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

نتیش کمار، کرشن ناگر، منیشا رام داس اور سنجیو کمار نے اپنے اپنے متعلقہ زمروں میں سونے کے تمغے جیتے۔ کیرالہ کی 21 سالہ وہیل چیئر پر بیٹھنے والی Alphia جیمس اور اتراکھنڈ کی منجیت کور نے بھی تجربہ کار ایتھلیٹس کو ہرا کر سونے کے تمغے حاصل کیے۔

ایتھلیٹکس میں Deepthi Jeevanji نے خواتین کے 400 میٹر T20 زمرے میں اعلیٰ مقام حاصل کیا جبکہ Monu Ghangas نے مردوں کے Shot Put F11 زمرے میں سونے کا تمغہ جیتا۔

خواتین کی پیرا تیراندازی میں پیرالمپک میڈلسٹ شیتل دیوی اپنی غیر معمولی کارکردگی کے ساتھ فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے شیتل دیوی نے کھیلو انڈیا پیرا گیمس میں مقابلے کے بارے میں اپنے جذبات کا اظہار کیا اور اسے ایک بہترین اور اہم موقع قرار دیا، تاکہ اعلیٰ ایتھلیٹس کا مقابلہ کیا جا سکے اور اُن سے تجربہ حاصل کیا جا سکے۔

## S/B - Sheetal Devi in GNR Mail

پیرالمپک میں تمغہ جیتنے والے راکیش کمار بھی تیراندازی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ انہوں نے کھیلو انڈیا پیرا گیمس کی ایک اہم پلیٹ فارم کے طور پر تعریف کی، جس میں نوجوان اپنی شاندار صلاحیتوں کا مظاہرہ کر سکتے ہیں۔

اس دوران ڈاکٹر Karni سنگھ شوٹنگ رینج میں، شوٹنگ مقابلے ہوئے جہاں پیرالمپک میں گولڈ میڈل حاصل کرنے والی Avani Lekhra نے خواتین کی 10 میٹر ائر رائفل اسٹینڈنگ SHI زمرے میں غلبہ حاصل کرتے ہوئے سونے کا تمغہ جیتا، جبکہ مونا اگروال نے چاندی اور اکانشا نے کانسے کا تمغہ جیتا۔×

## Miami Open Tennis

ٹینس میں، بھارت کے یوکی بھامبری اور اُن کے پُرتگال کے ساتھی کھلاڑی Nuno Borges امریکہ کے فلوریڈا شہر میں، میامی اوپن کے مردوں کے ڈبلز کے پری کوارٹر فائنلس میں پہنچ گئے ہیں۔ بھامبری اور Borges نے 32 ویں راؤنڈ میں بھارت کے ٹینس کھلاڑی روہن بوپنّا اور کروشیا کے Ivan Dodig کی جوڑی کو چھ-چار، تین-چھ، دس-سات سے ہرا دیا۔

بھارت-پرتگالی جوڑی کا اب اگلا مقابلہ کل ہوگا، جس میں وہ پری کوارٹر فائنل میں چیک جمہوریہ کے Adam Pavlasek اور برطانیہ کے Jamie Murray کی جوڑی کا سامنا کریں گے۔×

## IMD Weather

بھارت کے محکمہئ موسمیات، IMD نے چھتیس گڑھ، آندھراپردیش، تلنگانہ اور اندرونی کرناٹک میں آج دوردراز تک ہلکی سے اوسط بارش ہونے اور ساتھ ہی گرج چمک اور ہوا کے جھکڑ کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق ارونا چل پردیش میں اگلے چار دن تک کہیں کہیں سے لیکر دور دور تک ہلکی بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ ساتھ ہی گرج چمک اور 30 سے40 کلو میٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کی بات کہی ہے۔ آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ، تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائیکل، ماہے اور لکشدیپ میں دو سے تین دن تک اسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔

محکمہئ موسمیات نے اگلے چار دن تک ملک کے بیشتر حصوں میں زیادہ سے زیادہ درجہئ حرارت میں بتدریج دو سے چار ڈگری سیلسیس اضافے کا بھی امکان ظاہر کیا ہے۔×

## Mandaviya Fit Sundays

نوجوانوں کے امور، کھیل اور محنت و روزگار کے مرکزی وزیر منسکھ مانڈویا آج لکھنو سے ملک گیر مہم فِٹ انڈیا سنڈیز آن سائیکل میں حصہ لیں گے۔ ایک سرکاری بیان کے مطابق، مرکزی وزیر کے ہمراہ اتر پردیش کی گورنر آنندی بین پٹیل اور اترپردیش کے کھیلوں و نوجوانوں کے امور کے وزیر گریش چندریا یادو بھی ہوں گے۔

ایشیائی کھیلوں میں نیزہ پھینکنے، کے مقابلے میں تمغہ یافتہ کشور جینا ممبئی میں AKSA Beach پر سائیکل مہم میں حصہ لیں گے۔

اب تک یہ سائیکلنگ مہم 4 ہزار 200 مقامات پر منعقد کی گئی ہے اور اس میں تقریباً2 لاکھ افرادنے حصہ لیا تھا۔

اس مہم کا مقصد پورے ملک میں فضائی آلودگی میں کمی لانے کے لیے ماحولیات دوست طور طریقوں کو فروغ دینا ہے۔

فِٹ انڈیا سنڈیز آف سائیکل نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کی وزارت کے زیر اہتمام سائیکلنگ فیڈریشن آف انڈیا، مائی بائک اور ماٹی بھارت کے استراک سے منعقد کی جا رہا ہے۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

**اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم**

**شکریہ - شبانہ**

**قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ اخبار ملاپ نے پانی کے عالمی دن کے موقع پر وزیراعظم نریندر مودی کے پیغام کو سرخی بناتے ہوئے لکھا ہے کہ پانی کا تحفظ آنے والی نسلوں کے لیے ضروری۔**

**اخبار انقلاب نے جسٹس یشونت ورما کے خلاف الزات کی تحقیقات کے لیے بھارت کے چیف جسٹس سنجیو کھنہ کے ذریعے سہ رکنی کمیٹی تشکیل دیے جانے کی خبر کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ اخبارت نے پانچ اپریل کو وزیراعظم کے سری لنکا دورے سے متعلق خبر کو بھی اہمیت دی ہے۔**

**روزنامہ راشٹریہ سہارا کی ایک نمایاں سرخی ہے بھارتی حکومت نے امریکہ میں زیر تعلیم بھارتی طلبا کے لیے رہنما خطوط جاری کیے۔ تقریباً سبھی اخبارات نے آئی پی ایل سے متعلق خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اخبار کی سرخی ہے: رنگا رنگ تقریب کے ساتھ آئی پی ایل 18 کا آغاز۔ بنگلورو نے افتتاحی میچ میں کولکاتہ کو سات وکٹ سے ہرایا۔**

**اخبارات کی بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:**

**_ غزہ پر بمباری جاری، 59 فلسطینی ہلاک۔ برطانیہ، فرانس اور جرمنی کا غزہ میں فوری جنگ بندی کا مطالبہ**

**_ سوڈانی فوج کا خرطوم کے وسط میں زیادہ تر اہم مقامات پر کنٹرول کا اعلان۔**

**_ ترکی میں صدر رجب طیب ایردوان کے خلاف بڑے پیمانے پر احتجاج جاری۔**

**آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر**

**1- سپریم کورٹ نے، نقد روپے برآمد کرنے کے معاملے میں دلّی ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کی طرف سے 25 صفحات پر مشتمل انکوائری رپورٹ عام کر دی ہے۔ بھارت کے چیف جسٹس نے، جسٹس یشوَنت ورما کے خلاف الزامات کی جانچ کے لیے ایک 3 رکنی کمیٹی تشکیل دی ہے۔**

**2- مرکز نے، ایک اپریل سے پیاز کی برآمدات پر 20 فیصد محصول کو واپس لے لیا ہے۔**

**3- بھارت نے، Botswana میں سیلاب کے پیشِ نظر اُسے انسانی بنیاد پر امداد بھیجی ہے۔**

**4- حماس کے سیاسی رہنما Salah al-Bardaweel، جنوبی غزہ میں اسرائیل کے ہوائی حملے میں ہلاک ہو گئے۔**

**5- بھارت کی جمناسٹ پرانتی نائک نے ترکیہ کے Antalya میں FIG Artistic Gymnastics Appartus World Cup میں Vault فائنل میں کانسے کا تمغہ حاصل کیا ہے**

**6- اور IPLکرکٹ کے پہلے میچ میں، کل رات رائل چیلنجرس بنگلورو نے موجودہ چیمپئن کولکاتہ نائٹ رائڈرس کو 7 وکٹ سے ہرا دیا۔**

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔